SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ 2017

SINDH ACT NO.V OF 2017

صوبائی موٹر گاڑیاں (ترمیم) ایکٹ، 2015

THE PROVINCIAL MOTOR VEHICLES (AMENDMENT) ACT, 2015

(CONTENTS) فہرست

فہرست

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1. مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and commencement

2. 1965 کے، مغربی پاکستان آرڈیننس نمبر XIX کی دفعہ 49 کی ترمیم
Amendment of section 49 of the West Pakistan Ordinance No.XIX of 1965

3. 1965 کے مغربی پاکستان آرڈیننس نمبر XIX کی دفعہ 67-F کی ترمیم
Amendment of section 67_F of the West Pakistan

Ordinance No.XIX of 1965

4. 1965 کے مغربی پاکستان آرڈیننس نمبرXIXکے شیڈول تیرھویں کی تبدیلی
Substitution of the Thirteenth Schedule of West Pakistan Ordinance No.XIX of 1965.

سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ 2017

SINDH ACT NO.V OF 2017

صوبائی موٹر گاڑیاں (ترمیم) ایکٹ، 2015

THE PROVINCIAL MOTOR VEHICLES (AMENDMENT) ACT,2015

[22مارچ 2016]

ایکٹ جس کے ذریعے صوبائی گاڑیاں آرڈیننس، 1965 میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید(Preamble)

جیسا کہ صوبائی موٹر گاڑیاں آرڈیننس، 1965 میں مزید ترمیم کرنا ضروری ہو گیا ہے جو کہ اس طرح سے ہو گی۔

اس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا۔

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and commencement

1.(1) اس ایکٹ کو صوبائی موٹر گاڑیاں (ترمیم) ایکٹ، 2015 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

1965 کے ، مغربی پاکستان آرڈیننس نمبر XIX کی دفعہ 49 کی ترمیم۔
Amendment of section 49 of the West

2. صوبائی موٹر گاڑیاں آرڈیننس، 1965 میں جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ 49 میں:

(i) ذیلی دفعہ (1) میں الفاظ بینک گارنٹی کے لیئے لفظ گروپ انشورنس کا سرٹیفکیٹ جو انشورنس کمپنی کی طرف سے جاری کیا گیا ہو، سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان سے رجسٹرڈ ہو اور منظور شدہ اور حکومت کی طرف سے سرکاری گزیٹ میں بیان

Pakistan Ordinance No.XIX of 1965

کیا گیا ہو، تبدیل کیئے جائیں گے۔

(ii) ذیلی دفعہ (2) کے لیئے درج ذیل متبادل ہو گا:

(2) کوئی بھی سر ٹیفکیٹ، جیسا ذیلی دفعہ (1) میں بیان کیا گیا ہو، اسٹیج کیر تج پر مٹ کے سلسلے میں مطلوب نہیں ہو گا، جس میں شہری علاقے میں مکمل طور پر اسٹیج کیر تج چلانے کے لیئے با اختیار بنایا گیا ہو۔

(3) اس صورت میں کہ ذیلی دفعہ (1) میں مطلوبہ سر ٹیفکیٹ انشورنس کمپنی کی طرف سے ختم کیا گیا ہے تو پر مٹ رد ہو جائیگی۔

(4) اس ترمیم کے نافذ ہونے کے پیشتر جاری کردہ پر مٹس اس ترمیم کے نافذ ہونے کے 45 دن کے بعد موثر نہیں رہیں گے، اگر سر ٹیفکیٹ جیسا کہ ذیلی دفعہ (1) میں مطلوب ہو، ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کی طرف سے بیان کردہ وقت کے دوران فائیل نہیں کیئے جائے۔

1965 کے مغربی پاکستان آرڈیننس نمبر XIX کی دفعہ 67-F کی ترمیم۔
Amendment of section 67_F of the West Pakistan Ordinance No.XIX of 1965

3. مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ 67-F میں:

(a) ذیلی دفعہ (1) میں:

i شق (a) میں الفاظ "بینک گارنٹی" اور "گارنٹی" جہاں بھی آئیں کے لیئے لفظ "سر ٹیفکیٹ" اور الفاظ "گارنٹی دینے والے بینک" کے لیئے لفظ "سر ٹیفکیٹ" اور الفاظ گارنٹی دینے والے بینک" کے لیئے لفظ "سر ٹیفکیٹ جاری کرنے والی انشورنس کمپنی ترتیبوار متبادل ہونگے، اور

ii شق (b) میں، الفاظ "بینک گارنٹی" کے لیئے لفظ "سر ٹیفکیٹ متبادل ہو گا۔

(b) ذیلی دفعہ (2) میں الفاظ "فریش بینک گارنٹی" کے لیئے لفظ "فریش سر ٹیفکیٹ" متبادل ہو گا۔

1965 کے مغربی پاکستان آرڈیننس نمبرXIX کے شیڈول تیرھویں کی تبدیلی۔ Substitution of the Thirteenth Schedule of West Pakistan Ordinance No.XIX of 1965.

4. مذکورہ آرڈیننس، 1965 میں تیرھویں شیڈول کے لیئے درج ذیل متبادل ہوگا:

تیرھواں شیڈول

ملاحظہ دفعات 53.50 اور 67

اسٹیج کیریج یا کانٹریکٹ کیریج میں مسافر کے زخمی ہونے کی صورت میں معاوضہ دینے کا پیمانہ۔

سریل نمبر	موت یا زخمی ہونا	روپے
1.	موت	500,000
2.	کہنی پر اس کے اوپر بازو ضائع ہونا۔	65,000
3.	کہنی کے نیچے بازو ضائع ہونا۔	50,000
4.	گھٹنے کے نیچے ٹانگ ضائع ہونا۔	65,000
5.	گھٹنے کے نیچے ٹانگ ضائع ہونا۔	60,000
6.	دونوں ٹانگیں ضائع ہونا۔	140,000
7.	سماعت کا مستقل نقصان	65,000
8.	ایک آنکھ ضائع ہونا۔	75,000
9.	دونوں آنکھیں ضائع ہونا۔	250,000
10.	انگوٹھا ضائع ہونا۔	40,000
11.	ایک پیر کی تمام انگلیاں ضائع ہونا۔	50,000
12.	شہادت والی انگلی ضائع ہونا۔	40,000
13.	شہادت والی انگلی کے علاوہ کوئی بھی انگلی ضائع ہونا۔	38,000
14.	مشتقل طور پر چہرے یا سر کا خراب ہونا۔	50,000
15.	ہڈی ٹوٹنے کا فریکچر۔	40,000
16.	کمزوری۔	50,000

.17	ایک دانت ضائع ہونا۔	12,500
.18	دو یا زائد دانت ضائع ہونا۔	25,000
.19	کوئی زخم جس سے زندگی کو خطرہ ہو یا تکلیف دہ ہو، بیس دن کے دوران تک، جسم میں درد ہونا، روزمرہ کے کام کاج میں رکاوٹ ہونا۔	25,000
.20	زخم جس کا مندرجہ بالا میں ذکر نہ ہو۔	10,000
.21	ہاتھ ضائع ہونا۔	50,000

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔